# ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in

آر بی آئی 187/2016-17 16 دسمبر، 2016

آئی ڈی ایم ڈی سی ڈی ڈی نمبر 1453/14.0405/2016-17 (20 اپریل، 2017 تک مکمل)

دی چیئرمین اینڈ مینیجنگ ڈائریکٹر

سبھی اتھرائزڈ بینکیں

محترمہ/محترم

## پردھان منتری غریب کلیان ڈپازٹ اسکیم (پی ایم جی کے ڈی ایس) 2016

بھارت سرکار نے اپنے نوٹیفکیشن نمبر ایس او (E)4061 مورخہ 16 دسمبر 2016 کو پردھان منتری غریب کلیان ڈپازٹ اسکیم پی ایم جی کے ڈی ایس) کا اعلان کیا ہے اس اسکیم کا اطلاق ان سبھی اعلان کرنے والوں (ڈکلیرینٹ) پر ہوگا جو پردھان منتری غریب کلیان یوجنا 2016 کیلئے ٹیکزیشن اور انویسٹمنٹ رجیم کے تحت آتے ہیں

اس اسکیم کی شرائط مندرجہ ذیل ہیں:

2۔ ڈپازٹس کیلئے اہلیت :۔ اس اسکیم کے تحت 17 دسمبر 2016 سے 31 مارچ 2017 تک رقم جمع کی جاسکتی ہے۔ کوئی بھی شخص جو اپنی پوشیدہ آمدنی کا اعلان کرنا چاہتا ہے وہ پردھان منتری غریب کلیان یوجنا 2016 کیلئے ٹیکزیشن اور انویسمنٹ رجیم کے سیکشن 199c کے سب سیکشن (1) کے تحت اپنی رقم جمع کرسکتا ہے۔

3۔ ڈپازٹس کیلئے درخواست فارم: ڈپازٹس اعلان کردہ کے کریڈٹ پر ریزروبینک کے ذریعہ قائم کئے جانے والے بانڈس لیجر اکاؤنٹ میں رکھے جائیں گے۔ ڈکلیرینٹ کو فارم 1 میں سٹرفکیٹ آف ہولڈنگ جاری کیا جائے گا۔ ریزروبینک ان ڈپازٹس کو بھارت سرکار کے ذریعہ بنائے گئے پبلک اکاؤنٹ میں ریزروفنڈ میں ٹرانسفر کردیگا۔۔

4۔ اتھرائزڈ بینکیں:

(a) اس اسکیم کے تحت رقم جمع کرنے کی درخواستیں بانڈ میں لیجر اکاؤنٹ کی شکل کسی بھی بینکنگ کمپنی میں جس پر بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 (1949 کا 10) لاگو ہوتا ہے۔ (یہاں پر مطلب اتھرائزڈ بینکوں سے ہے) میں حاصل کی جائے گی۔

ریونیو دوسرے دن صبح ہی بھیج دینگی تاکہ ڈکلیریشن کی منظوری سے پہلے وہ ڈپارٹمنٹ ان اطلاعات کی تصدیق کریں گے۔

(c) اتھرائزڈ بینکیں ڈپازٹس کی جاری تفصیل کو ریزروبینک آف انڈیا کی کوربینکنگ سیلیوشن ای کُبیر میں اپ لوڈ کریں گی۔

5۔ بانڈس لیجر اکاؤنٹ میں تعاون کی رقم (سبسکرپشن) اور سرمایہ کاری

(a) اس اسکیم کے تحت سبھی اتھرائزڈ بینکوں میں یہ ڈپازٹس قبول کئے جائیں گے۔

(b) سبھی ڈپازٹس 100 روپیہ کے ضرب میں قبول کئے جائیں گے۔

(c) پردھان منتری غریب کلیان یوجنا کیلئے ٹیکزیشن اینڈ انویسٹمنٹ رجیم کے سیکشن 199C کے سب سیکشن (1) کے تحت اعلان شدہ پوشیدہ آمدنی کا 25% سے کم رقم اعلان کردہ کے ذریعہ جمع نہیں کی جائیں گی۔

(d) سبھی ڈپازٹس ایک یا زیادہ مرتبہ سیکشن 199c کے سب سیکشن (I) کے تحت ڈکلیریشن فائل کرنے سے پہلے جمع کرنا ہونگے۔

(e) یہ ڈپازٹس نقد، ڈرافٹ یا چیک کے ذریعہ (چیک اتھرائزڈ بینک کے لئے جہاں رقم جمع کرنا ہے کے نام دینا ہوگا)

ڈپازٹس الکٹرانک طریقہ سے بھی ٹرانسفر کئے جاسکیں گے۔

ڈپازٹس کیلئے آخری تاریخ: بانڈس لیجر اکاؤنٹ کھولنے کی آخری تاریخ، ریزروبینک کے ذریعہ حاصل ڈپازٹس کی تاریخ ہوگی (اتھرائزڈ بینکوں کے ذریعہ بھیجی گئی رقم کی تفصیل) جہاں ٹیکس سرچارج اور جرمانہ 31 مارچ 2017 تک وصول کر لئے گئے ہوں۔ کسی بھی حال میں ڈپازٹس کی آخری تاریخ 30 اپریل 2017 کے بعد نہیں بڑھائی جائیگی۔ (بھارت سرکار کے 19 اپریل 2017 کے نوٹیفکیشن کے ذریعہ ترمیم شدہ تاریخ)

**7: درخواستیں:**

(a) اس اسکیم کے تحت رقم جمع کرنے کیلئے فارم II بنایا گیا ہے اس میں واضح طور پر رقم پورا نام پین نمبر بینک اکاؤنٹ کی تفصیل (چھوٹ حاصل کرنے کیلئے) اور رقم اعلان کردہ کا پورا پتہ لکھنا ہوگا۔ اگر اعلان کردہ کے پاس پین کارڈ نہیں ہے تو اسکو پین کارڈ کیلئے درخواست گذارنا ہوگی اور اپنی اس درخواست کی پوری تفصیل حصولیابی کے نمبر کے ساتھ دینا ہوگی۔

(b) پیراگراف (a) کے تحت دی گئی درخواست اپنی پوشیدہ رقم کا 25% فیصد نقد ڈرافٹ، چیک یا الکٹرانک ٹرانسفر کے ذریعہ جمع کرنا ہوگا جیسا کہ پیراگراف (c) اور (d) میں بتایا گیا ہے

**8. نامزدگی (نامنیشن)**

(a) بانڈس لیجر اکاوئنٹ کا اکیلا ہولڈر یا بچا ہوا ہولڈر اگر وہ فرد واحد ہے تو وہ فارم iii میں ایک یا ایک سے زیادہ اشخاص کو نامزد کرسکتا ہے جو کہ اعلان کردہ کی موت کے بعد رقم واپسی کا حقدار ہوگا۔

(b) اگر جمع رقم میں دو یا دو سے زیادہ نامزد اشخاص کے نام ہو جائے گا اور رقم واپسی کی تاریخ پر قانون کے مطابق انکو رقم واپس کردی جائیگی۔ اگر اعلان کردہ کے ذریعہ نامزد کیا گیا کوئی شخص کی پہلے موت ہو جاتی ہے تو اعلان کردہ نئے سرے سے کسی دوسرے شخص کو نامزد کرسکتا ہے۔

(c) بانڈس لیجر اکاؤنٹ کے ہولڈر کے ذریعہ نامزد کیا گیا شخص بدلا بھی جاسکتا ہے یا اسکی نامزدگی منسوخ بھی کی جاسکتی ہے اعلان کردہ کو اسکی اطلاع فارم IV میں اتھرائزڈ بینک کو تحریری طور پر دینا ہوگی۔

(d) کوئی بھی نامزدگی یا تبدیلی یا منسوخی کو ریزروبینک میں اتھرائزڈ بینک کے ذریعہ رجسٹرڈ کیا جائے گا اور یہ رجسٹریشن کی تاریخ سے ہی مانی جائیگی۔

(e) اگر نامنی بالغ نہیں ہے (مائنر ہے) تو بانڈ میں لیجر اکاؤنٹ ہولڈر کسی شخص کو اسکا گارجین بنا سکتا ہے جو اسکے فوت ہونے کے معاملے میں بانڈ میں لیجر اکاؤنٹ یا رقم واپس حاصل کرسکے۔

9۔ منتقلی: بانڈس لیجر اکاؤنٹ کی منتقل صرف نامنی یا ہولڈر کے قانونی وارث تک ہی محدود ہے۔

ہولڈر کی موت کے معاملہ میں۔

10۔ سود (انٹریسٹ):۔ ان ڈپازٹس پر کوئی سود ادا نہیں کیا جائے گا۔

11۔ بانڈس کے برخلاف تجارت: بانڈس لیجر اکاؤنٹ تجارت کے لائق نہیں ہیں۔

12:۔ ادائیگی (ری پیمنٹ) اس رقم کی واپسی ڈپازٹس کی تاریخ سے 4 سال مکمل ہونے کے بعد ہی ہوسکے گی۔ ان بانڈس کی میچوریٹی سے پہلے ان پر حاصل چھوٹ کی اجازت نہیں ہوگی۔

13:۔ صحیح مطلب: الفاظ اور انکی روح جو استعمال کئے گئے ہیں لیکن ان کی تعریف نہیں دی گئی ہے اس نوٹیفکیشن میں لیکن ان کا صحیح مطلب انکم ٹیکس ایکٹ 1961 (1961 کا 43) اور گورنمنٹ سیکورٹیز ایکٹ 2006 (2006 کا 38) اور فائننس ایکٹ 2016 (2016 کا 28) میں دی گئی تعریف کے حساب سے ہی مانا جائے گا۔

**آپ کا مخلص**

**راجندر کمار**

**جنرل منیجر**